## غلام شریف کے کارکنوں کو عبرتناک سزادی جائے، ارکان سندھ اسمبلی

## ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات سندھ کی منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے

کراچی ۔۔۔19، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کو سندھ کی منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جاچکا ہے اور گزشتہ روز بھی مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف کو فائرنگ کرکے شہید کردیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کے مسلسل واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ بعض عناصر اپنی مذموم کارروائیوں کے ذریعہ سندھ کی منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی سازش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں وہ جمہوریت اور کراچی کے امن کے کھلے دشمن ہیں ۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ غلام شریف شہید کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث قاتلوں کو عبرتناک سزادی جائے۔

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے ثمرات عوام کو دیئے جائیں، اراکین قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔19، دسمبر 2008ء ۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں متعدد بار کمی کے باوجود اس کے ثمرات عوام کو نہ دینے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی پبلک ٹرانسپورٹ سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کردیا جاتا ہے لیکن یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں متعدد بار کمی کے باوجود ملک بھر کے عوام کو اس کمی کے ثمرات سے محروم رکھا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی سندھ کا دارالخلافہ ہے اور کراچی سمیت سندھ بھر کے عوام ماضی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے ثمرات عوام کو دیئے جائیں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے فوری اور ہنگامی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔19، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن ادریس کی والدہ محترمہ نورجہاں اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 172/B کے کارکن محمد عظیم کے والد محمد تسلیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کا فاتحہ سوئم

کراچی ۔۔۔19، دسمبر 2008ء ۔۔۔سرجانی ٹاؤن میں مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کا سوئم آج بعد نماز جمعہ جامعہ مسجد رحمانیہ میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر نصرت، حق پرست صوبائی وزراء رعبدالرؤف صدیقی، ڈاکٹر صغیر احمد، شیخ محمد افضل، اراکین صوبائی اسمبلی انور عالم، عادل خان، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہید کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## چالیس فیصد کٹوتی کے باوجود بجلی کے بلوں میں چالیس فیصد اضافے کا نوٹس لیا جائے، اقبال محمد علی

اسلام آباد۔۔۔19 دسمبر 2008ء (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔حق پرست رکن قومی اسمبلی وسابق وفاقی وزیر اقبال محمد علی خان نے جمعہ کے روز وقفہ سوالات میں کہا کہ گزشتہ ماہ کراچی میں کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے بجلی کے بلوں میں ہونیوالے چالیس فیصد اضافے کو وفاقی حکومت نے واپس کرلیا گیا تھا جبکہ اس ماہ دوبارہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی جانب سے عوام کو موصول ہونیوالے بجلی کے بل میں اضافے کے ساتھ ارسال کردیئے گئے ہیں جو کراچی کے عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے اور جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو پابند کیا جائے کہ وہ صارفین سے بل کی ادائیگی رواں ماہ میں کی گئی چالیس فیصد کٹوتی کے مطابق وصول کریں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام ہم سے یہ پوچھتے ہیں کہ ہمارے ساتھ اس قسم کا دھوکہ کیوں کیا گیا ہے جس پر پانی وبجلی کے وفاقی وزیر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ میں ایوان کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ اس قسم کی شکایات کے ازالے کیلئے ہم مل بیٹھ کر حل تلاش کریں گے۔اقبال محمد علی خان نے کہا کہ اب تو تیل کی قیمتوں میں بھی واضح کمی واقع ہوگئی ہے اس پر بلوں میں کمی ہونی چاہئے اور پورے ملک میں بجلی کے نرخ یکساں ہونے چاہئے۔

☆☆☆☆☆